4342 ـ گوشت تلنے میں استعمال شدہ تیل میں تلی ہوئی مچلی کھانا

سوال

یورپ میں اکثر ہوٹل والے بڑی سی کڑاہی میں مچھلی اور آلو کی چپس تلتے ہیں جو تیل سے بھری ہوتی ہے، کیا جس تیل میں حرام گوشت اور ہو سکتا ہے خنزیر کا گوشت بھی تلا ہو مچھلی اور آلو کی چپس تلی ہوئی کھانا جائز ہے ؟ کیا ہمارے لیے ہوٹل والے کو پوچھنا ضروری ہے کہ آیا اس نے اس تیل میں کچھ اور تو نہیں تلا، یا کہ بغیر سوال کیے ہی کھا لینا چاہیے ؟
یورپ میں بسنے والے مسلمانوں کو روزانہ اس طرح کی مشکل سے دوچار ہونا پڑتا ہے، اللہ تعالیآپ کو جزائے خیر عطا فرمائے.

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا:

" جب ہمیں علم ہے کہ اس تیل میں کوئی نجس چیز یعنی مردار یا خنزیر وغیرہ کا گوشت تلا ہے تو ہمیں دریافت ضرور کرنا ہو گا.

لیکن اگر ہم جانتے نہیں کہ اس تیل میں اکثر نجس چیز تلی گئی ہے یا کہ اس کے علاوہ کچھ اور تو پھر سوال کرنا ضروری نہیں.